F.6-4 (Edit)/2023 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:11/09/2023

طالب علموں کو روزگار سے جوڑنے کا اقدام قابلِ تحسین: پروفیسر نیلوفر خان

جموں وکشمیر کے نوجوانوں کو اردو کی تعلیم کے ساتھ جدید تکنیکی مہارتوں سے لیس کیا جائے گا: پروفیسر شیخ عقیل احمد

جموں وکشمیر میں قومی اردو کونسل کے 79 کمپیوٹر سینٹرز کے طلبہ وطالبات کے مابین جلسۂ تقسیم اسناد کا انعقاد

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان اپنے کمپیوٹر اپلی کیشنز بزنس اکاؤنٹنگ اور ملٹی لنگول ڈی ٹی پی کورس کے ذریعے اردو طالب علموں کو روزگار اور جدید ٹکنالوجی سے جوڑنے کا غیر معمولی کام جو کررہی ہے، وہ قابل تحسین ہے اوراس سے ہزاروں طلبہ وطالبات فائدہ اٹھارہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے قومی اردو کونسل اور کشمیر یونیورسٹی کے اشتراک سے گاندھی بھون میں منعقدہ جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ جموں وکشمیر میں قومی اردو کونسل کو اردو زبان، تعلیم وتہذیب کے فروغ کے لیے جو بھی تعاون درکار ہوگا، ہم اس کے لیے تیار ہیں اور ہر ممکن تعاون پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔اس سے قبل قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد نے اپنی استقبالیہ تقریر میں کہا کہ جموں وکشمیر کونسل کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔انھوں نے یہ بتاتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا کہ CABA-MDTP کے جموں وکشمیر میں سب سے زیادہ مراکز ہیں، نیز یہاں کے نوجوان طلبا وطالبات کو روزگار سے جوڑنے کے لیے قومی اردو کونسل پیپر ماشی کا کورس بھی چلا رہی ہے۔اس کے علاوہ ہم اردو زبان وادب کے فروغ کے لیے یہاں کے ادبا وشعرا کی تخلیقات کو کثیر تعداد میں خرید کر یا ان کی اشاعت کے لیے مالی امداد فراہم کرکے تعاون پیش کررہے ہیں۔شیخ عقیل نے کہا کہ سرکار بھی چاہتی ہے کہ جموں وکشمیر میں تعلیم وترقی کے زیادہ سے زیادہ اقدامات کیے جائیں اور نوجوانوں کو بے روزگاری اور بیکاری سے نکال کر انھیں روزگار فراہم کیا جائے تاکہ اس طرح ان کی ذاتی ترقی وخوشحالی کے ساتھ مجموعی طور پر ریاست بھی ترقیات سے ہم کنار ہو۔شیخ عقیل نے وعدہ کیا کہ ہم آئندہ بھی جموں وکشمیر میں فروغ اردو کے علاوہ نوجوانوں کو روزگار سے جوڑنے کے لیے مختلف اقدامات کریں گے۔

اس موقعے پر پروفیسر عادل امین کاک نے بھی خطاب کیا اور کونسل کے ذریعے پروفیسر عقیل احمد کی قیادت میں اردو زبان وادب کے لیے اٹھائے جارہے مختلف اقدامات کی ستائش کی۔کشمیر یونیورسٹی کے رجسٹرار ڈاکٹر نثار اے میر نے بھی اظہار خیال کیا اور کہا کہ نیو ایجوکیشن پالیسی میں جس نقطے پر سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے، قومی اردو کونسل اس پر پہلے سے عمل پیرا ہے یعنی اردو آبادی کو روزگار سے جوڑنے کے لیے کونسل جو اقدام کررہی ہے وہ ثمر آور ثابت ہورہا ہے۔قابل ذکر ہے کہ اس جلسۂ تقسیم اسناد میں وادی کشمیر میں چل رہے 79 مراکز کے طلبا واساتذہ نے شرکت کی جن کے درمیان معزز مہمانان کے ہاتھوں اسناد تقسیم کی گئیں۔

(رابطہ عامہ سیل)